جناب اختیار ولی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، آنریبل سپیکر۔ سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو میں جمعیت علمائے اسلام کے دوستوں کو، ساتھیوں کو بلدیاتی الیکشن میں ایک بہترین اور شاندار کامیابی پہ مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ (تالیاں) اور اس کے بعد جناب سپیکر، آج کی تحریک التواء اس لوکل باڈیز الیکشن پہ حکومت کی تیاریوں اور اس کے انتظامات پر ہے۔ جناب سپیکر، حکومت کی تیاریاں کیا تھیں؟ حکومت کی تیاریاں یہ تھیں بجائے اس کے کہ یہاں پہ بیٹھ کر رولز بنائے جاتے، بجائے اس کے یہاں پہ بیٹھ کر اپوزیشن اور حکومت ٹریژری بنچز مل کر کوئی لائحہ عمل بناتے کہ یہ بلدیاتی اداروں کے الیکشن کا مقصد کیا ہے، ان لوگوں کو لانے کا بنیادی مقصد اور اس کی وجہ کیا ہے، ان کو کس طرح Empower کریں گے، یہ پاور شیئرنگ فارمولہ کس طرح بنے گا؟ یہ جو صوبائی اسمبلی ہے، یہ اپنے مدار میں کام کرے اور بلدیاتی ادارے اپنے مدار میں کام کریں لیکن وقت اور حکومت کا پیسہ ضائع کیا گیا، اس بات پر کہ حکومتی لوگوں کی Campaign چلائی گئی، ایک ایک تحصیل کو نسل میں ستر اور اسی اسی کروڑ روپے بھیجے گئے کہ اس سے یہ پیسے لگاؤ اور تحریک انصاف سرکاری جماعت کے لوگوں کو کامیاب کراؤ۔ ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی پی اوز، بیوروکریسی، تحصیلدار، پٹواری، کلرک، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سارے کے سارے لوگوں کو لگادیا گیا کہ آپ کی ڈیوٹی یہ ہے کہ آپ نے ہمارے بندوں کو پاس کرنا ہے، حالت ان کی یہ تھی کہ اپنے نشان پہ کوئی الیکشن لڑنے کے لئے تیار نہیں تھا اور یہاں پشاور میئر کے الیکشن میں ہم نے دیکھا کہ تحریک انصاف کے جھنڈے لیکر سرکاری محکموں کی گاڑیاں، سی اینڈ ڈبلیو کی گاڑیاں، وہ جھنڈے لگا رہے تھے جناب سپیکر، یہ کس طرح Free and fair election ہے، ہم کونسا ماحول دے رہے ہیں؟ الیکشن کرانے سے پہلے آپ نے ووٹرز کو Free and fair ماحول دینا ہوتا ہے، کیا ہم نے دیا، کیا حکومت نے دیا؟ الیکشن کمیشن اپنی جگہ پہ ذمہ دار ہے، لیکن اس سے زیادہ ذمہ داری حکومت کی ہوتی ہے، کیونکہ یہ الیکشنز حکومت کی نگرانی میں ہو رہے تھے اور ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، جو ROs تھے، ان کی یہی ڈیوٹی لگی ہوئی تھی کہ انہوں نے سرکاری لوگوں کو کس طرح پاس کرانا ہے؟ لوگ چیختے رہے پیٹتے رہے، بکاخیل میں آپ نے دیکھا، پشاور میں آپ نے دیکھا، مردان میں دیکھا، ہر ایک تحصیل میں دیکھا، نوشہرہ میں آپ نے دیکھا، ایک ایک جگہ پر لوگ چوکوں میں بیٹھ کر احتجاج کر رہے ہیں، فریاد کر رہے ہیں کہ یہ بیلٹ پیپر دیکھیں جس پہ سو لوگوں کے بیلٹس ہوتے ہیں، ووٹ ہوتے ہیں، اس میں

تیس پہ انگوٹھے کے نشان ہوتے ہیں اور اس کے بعد کسی کا کوئی نشان ہی نہیں ہے، ووٹ کس نے ڈالے، کون کس کا سہولت کار بنا؟ جناب سپیکر، کیا یہ ایک Free and fair ماحول تھا؟ لوگوں کو خریدا جارہا تھا، نوشہرہ میں جس طرح ایک اڈہ بنایا گیا تھا گلبت خان ہاؤس کے نام پر، جس میں لوگوں کو بلا بلا کر کہتے تھے کہ پانی کے Bore لے لو، یہ Solar light لے لو، کلاس فور کی نوکری دے دیں گے، نہیں کروگے تو تمہارے گھر میں تمہارا بھائی پولیس میں نوکری کرتا ہے یا گیس میں نوکری کرتا ہے یا واپڈا میں نوکری کرتا ہے تو اس کی ٹرانسفر کر دیں گے، اس کو Terminate کر دیں گے، یہ ایلکشن ہوتا ہے، یہ Free and fair ماحول ہے؟ کیا ووٹر کو وہ ماحول فراہم کیا گیا؟ قطعاً نہیں، بالکل بھی نہیں جناب سپیکر، یہ جمہوریت کے نام پہ دھبہ ہے، یہ ایلکشن اگر Free and fair ہوتا تو یقین کریں تحریک انصاف کے پلے کوئی سیٹ نہیں پڑنی تھی اور اب بیچارے ڈھونڈتے پھرتے ہیں ان لوگوں کو جو آزاد پاس ہوئے ہیں کہ آؤ جی، ہماری جماعت میں شامل ہو جاؤ، اوئے کچھ کام کرتے، کوئی کام کرتے، کوئی خدمت کرتے، نو سال سے تمہاری حکومت ہے، اس صوبے میں تم لوگوں نے کام کیا ہوتا تو آج تمہیں یہ حالات نہ دیکھنا پڑتے، ایلکشن رولز کی خلاف ورزی، کونسا ایسا وزیر تھا جس نے اپنے حلقے میں دراندازی نہیں کی ہے، جس نے اس عمل کو Sabotage کرنے کی کوشش نہیں کی ہے، لوگوں کو خریدنے کی؟ یہ بریف کیس، صندوق بھرے بھرے، پانچ پانچ ہزار روپے کے نوٹوں سے بھرے ہوئے کہ یہ پیسے تم لے لو، یہ تم لے لو اور ہمارے امیدوار کو پاس کراؤ، ہر بندہ اپنے Survival کی جنگ لڑ رہا تھا، یہ ایلکشن ہوتا ہے؟ اور اس ایلکشن کے بعد یہ بیٹھ کر اپنے حجرے میں یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم مبارکباد وصول کرتے ہیں، یہ تحریک انصاف کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے، یہ پاکستان اور اس صوبے کے عوام نے ان کی پالیسیوں کو، ان کے نو سالہ اقتدار کو جس پہ یہ بلند و بانگ دعوے کرتے ہیں کہ ہم نے بی آر ٹی بنایا، ہم نے بلین ٹریز لگائے اور پتہ نہیں کہ ہم نے صحت انصاف کارڈ دیا اور کیا کیا باتیں کرتے ہیں، یہ اس پہ عوام کا عدم اعتماد تھا، آپ کی اپنی میں نے تقریر سنی تھی، آپ اپنے ایم این ایز رو رہے تھے، آپ کے اپنے ایم پی ایز اس کے خلاف واویلا کر رہے تھے، فریاد کر رہے تھے، آپ کے اپنے ممبرز آپ کا ساتھ نہیں دے رہے ہیں، یہ جتنے لوگ آپ کے پاس ہوئے ہیں، ان کے پاس ہوئے ہیں، آپ کا نہیں کہہ رہا ہوں، یہ دھاندلی سے پاس ہوئے ہیں، یہ دھاندلی ہے۔ جناب سپیکر، Free and fair election اگر ہوگا تو تحریک انصاف کا اس میں سب سے آخری نمبر ہوگا، یہی بات

ہے کہ میں اتنا کہوں گا اس بات پہ، یہ میرا تبصرہ ہو گا جناب سپیکر، کہ یہ لوگ Perform نہیں کر سکے، یہ عوام کو ہمیشہ خریدنے کی کوشش کرتے ہیں، ووٹر کو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Wind-up کریں جی۔

جناب اختیار ولی: میں کرتا ہوں جی، ووٹر کو Influence کرتے ہیں اور دھمکیاں دیتے ہیں اور ان کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہیں کہ نہیں دو گے ووٹ، میرا بیٹا فیل ہو گیا تو میں یہ کر دوں گا، میرا بھائی فیل ہو گیا تو تمہیں تن کے رکھ دوں گا۔ اچھا جو لوگ پاس ہو گئے ہیں، اب ان کے لئے نئے قوانین بنائے جا رہے ہیں، لوکل باڈیز ایکٹ میں یہ ترامیم لائی جا رہی ہیں کہ ایک منتخب ممبر جو میئر بن چکا ہے، جو تحصیل کا چیئرمین بن چکا ہے، بجائے اس کے کہ آپ اس کو Empower کریں، اس کو طاقت دیں تاکہ وہ کام کریں، وہ عوام کی خدمت کریں، یہ لوگ ترمیم لا رہے ہیں کہ جی اس کو اسسٹنٹ کمشنر کے Under کر رہے ہیں، اس کو ڈی سی کے Under کر رہے ہیں، اس کو پٹواری اور تحصیلدار کا ماتحت بنا رہے ہیں، یہ جمہوریت ہے، یہ وہ نیا پاکستان تھا جب عمران خان نے بولا تھا کہ میں انقلاب لاؤں گا اور بلدیاتی الیکشن میں ایک نیا انقلاب آئے گا؟ کہاں سے لائیں گے، کس طرح لائیں گے؟ ان کے پاس یہ پروگرام تھا؟ ہم جناب سپیکر، ان کو ایسا کرنے نہیں دیں گے، بالکل نہیں کرنے دیں گے، اسمبلی کے فلور پر ایسے تمام قوانین، ایسی تمام ترامیم کی مخالفت کریں گے اور بزور کریں گے، پوری قوت کے ساتھ کریں گے اور پھر بھی اگر کوئی اس طرح کرے گا تو عدالت کے راستے کھلے ہیں، ہم وہاں بھی جائیں گے، لیکن میں ایک بار پھر ان کو بولوں گا کہ جو آپ کے پلے نشستیں پڑی ہیں، اس کی مبارکبادیں بھلے آپ لے لیں، لیکن پتہ آپ کو بھی ہے اور وہ عوام کو بھی ہے کہ وہ آپ دھاندلی سے جیتے ہیں، الیکشن کمیشن کے پاس اتنے اختیارات نہیں ہیں ورنہ اگر Recounting ہوئی اور ایک ایک بیلٹ پیپر کو چیک کیا گیا کھول کر، تو یقین کریں جناب سپیکر، ان کی ضمانتیں ضبط ہو جائیں گی، ان کو عوام نے ووٹ نہیں دیا، ان کو پبلک نے ووٹ نہیں دیا، دھاندلی کے ذریعے الیکشن جیتے ہیں اور دھاندلی سے ہی پاس ہوئے ہیں، جس کو ووٹ مل گیا، اب اس کو مبارکباد دینی چاہیئے، بھلے جو لوگ ان کے پاس ہوئے ہیں، جو ہمارے پاس ہوئے، جو عوامی نیشنل پارٹی کے، جماعت اسلامی کے، آزاد لوگ ہیں، جو بھی ہیں، ان کے مینڈیٹ کو تسلیم کرتے ہوئے ان کو طاقت دی جائے، ان کو بھرپور سپورٹ دی جائے تاکہ وہ آگے پبلک کا کام کریں اور یہ اسمبلیوں کی حالت مجھے کوئی زیادہ ٹھیک نہیں

لگ رہی ہے، یہ معاملہ بھی کسی بھی وقت لپیٹا جا سکتا ہے، تو اتنا کریں کہ جتنا کل آپ اپوزیشن میں، آج جہاں پہ آپ بیٹھے ہیں، کل وہاں پہ ہم ہوں گے، آج جہاں ہم کھڑے ہیں یہاں پہ آپ ہوں گے، تو آپ کی بھی بات سنی جائے گی، اگر ہماری نہیں سنو گے تو کل تمہاری کون سنے گا؟ یہ تو نوشتہ دیوار ہے، یہ بلدیاتی الیکشن جو ہوا یہ تو ایک ٹیسٹ کیس تھا اور آپ کو جاگنا چاہیئے اور اس سے کچھ سیکھنا چاہیئے، Although اور آپ کے پاس وقت بہت کم ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Wind-up کریں جی۔

<u>جناب اختیار ولی</u>: The days are very numbered، الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے، اب تو وہ لوگ بھی آ رہے ہیں جن کے لئے آپ ہمیں کہتے تھے کہ وہ کب آئے گا؟ نواز شریف کب لندن سے آئے گا، وہ بھی آ رہا ہے، اس کے آنے کی سنتے ہی کبھی وزیر اعظم صاحب فریاد کرتے ہیں کہ نواز شریف آ رہا ہے، اس کے لئے راہ ہموار کی جا رہی ہے، او بھئی بتاؤ، کون راہ ہموار کر رہا ہے اور اگر آ رہا ہے تو یہ تو آپ کے مطالبے تھے، ہم تو آپ کا مطالبہ پورا کر رہے ہیں، وہ آ رہا ہے اور صرف آ نہیں رہا، ان شاء اللہ اس ملک کا چوتھی بار وزیر اعظم بننے کے لئے آئے گا اور اس ملک میں حقیقی جمہوریت بھی بحال ہو گی، جب لوگوں کی سنی جائے گی، یہ مہنگی روٹی یہ سستی ہو گی جو پانچ روپے سے لے کر بیس روپے تک چلی گئی ہے، یہ بجلی کا یونٹ جو چھ روپے سے چالیس روپے پہ پہنچ گیا ہے جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو، تھینک یو جی۔

<u>جناب اختیار ولی</u>: کوئی ایسا فرقہ، کوئی ایسا طبقہ، کوئی ایسا بندہ نہیں رہا جو فریاد نہیں کر رہا لیکن حرام للہ جو یہ کسی کی فریاد سنیں، حرام للہ ان میں یہ استطاعت نہیں ہے، استقامت نہیں ہے کہ یہ کسی کی فریاد سنیں اور اس پہ کوئی عملدرآمد کریں، میں اسی کے ساتھ Wind-up کرتا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: مسٹر محمد شفیق آفریدی صاحب۔

<u>جناب شفیق آفریدی</u>: بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، لوکل باڈیز الیکشن پہ میڈم نے بھی بات کی اور اپوزیشن بنچز سے بات ہوئی، جس میں خاص طور پر رولز اور قانون سازی کے لئے بات ہوئی کہ اس میں ریفارمز اور قانون سازی ہونی چاہیئے، بہتری لانی چاہیئے، حال ہی میں جو سترہ اضلاع میں الیکشنز ہوئے ہیں اس میں ایک چیز ہم نے نوٹ کی ہے کہ اس میں مسجد کے منبر کی

سیاست کے لئے بے دریغ استعمال ہوا ہے، تو ادھر سے یعنی جمعہ کے جو خطبے تھے وہ صرف اسی الیکشن پہ ان میں تقریریں ہوئی ہیں اور لوگوں سے یہ عہد لے رہے تھے کہ اگر آپ جے یو آئی ایف کے ممبر کو ووٹ نہیں دیں گے تو آپ گناہ گار ہوں گے اور گناہ کے مرتکب ہوں گے، تو سر، یہ بہت Sensitive issue ہے، اس کے لئے قانون سازی ہونی چاہیئے کہ منبر اور مسجد یہ سیاست ادھر اس جگہ پہ نہیں لانی چاہیئے اور لوگوں کو ڈرایا دھمکایا جا رہا ہے اور ان سے عہد لے رہے ہیں اور زیادہ تر ووٹ ابھی جو جے یو آئی ایف نے حاصل کیا ہے، ایک ایک حلقے کا تجزیہ کریں تو ادھر سارے ہمارے لوگوں سے بھی عہد مسجد میں لیا ہوا ہے کہ ووٹ جے یو آئی ایف کو نہیں دیں گے تو آپ گناہ گار ہوں گے، تو اس چیز کے لئے بھی کوئی قانون سازی ہونی چاہیئے کہ آئندہ کے لئے ایسا نہ ہو، تھینک یو جی، تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب نثار مہمند صاحب۔

<u>جناب نثار احمد</u>: شکریه سپیکر صاحب، ډیره مننه چې تاسو ما له موقع راکړه ځکه چې اکثر ما ته دلته موقع هم نه ملاویږی، چې که د موقعې خبره کوؤ موقع نه ملاویږی خو په ډیر اهم موضوع باندې ستاسو ډیره مننه کومه، سپیکر صاحب، کوم الیکشن چې زمونږه د لوکل گورنمنټ اوشو نو زه په دغه الیکشن کښې چې کوم څیزونه ستاسو مخې ته راؤړم چې کوم زمونږه د دغه الیکشن چې چونکه آرمی پکښې نه وه، د حکومت د لاندې اوشو، په هغې کښې چې مونږ ته کوم دغه راغلې مخې ته او مونږه اولیدل چې څه به کیدل، زه خپل ډی سی صاحب ته ورغلم، ما ډی سی صاحب ته اووئیل چې ډی سی صاحب، دا ټرانسفرې چې تاسو کوئ دا اوس چې تاسو دې حلقو کښې دا قیصې کوئ یا تاسو چې دے نو دا ډیوټیانو کښې مسئلې کوئ یا تاسو چې دے نو دا ډیوټیانو کښې مسئلې کوئ، نو ما ته ئې اووئیل چې نثاره! حکومت به هم منې، د دې مطلب دا دے چې حکومت دا غواړی چې ته به داسې کوې نو زه مجبور یم چې داسې اوکړم، په پینځلسم تاریخ باندې په یو پولنگ سټیشن باندې ته یو سیکورټی افسر د شیخ بابا په کونسل باندې وربدل کړو د دې د پاره چې هغه د نورو خلقو ووټران په ډانگونو باندې اووهی، هغه پاره کړی د هغه ځائې نه او د هغوی مخصوص ووټران هغلته ننباسی، زما ډی پی او صاحب چې دغه ټرانسفرې کولې چې هغه

هغلته يو اے ايس آئی ټرانسفر کوی نو بل طرف ته دومره د شرم خبره ده چې د
هغه د خپل لائن نه په حاضر ډيوټئی دوران کښې يو سپاهی نن ديرشمه ورځ ده،
اوويشتمه چې هغه غيب شوے دے خو د هغې د ايف آئی آر درج کولو استعداد
ئې نه لرلو، هغه په بی ايس اے باندې لاړو خوار او هغه په هغې باندې ايف آئی
آر اوکړو، نن پورې هغه نه شو پيدا کولې خو د يو چا د پاره د ووټ ګټلو د پاره
هغه خپل فورس مخکښې وروستو ټرانسفر کولو کښې هيڅ شرم نه محسوسوی۔
ډيره د شرم، دغه څومره د افسوس خبره ده، زما خلاف ئې چې کوم ايف آئی آر
کړے دے، ما د هغوی نه په دغه ورځ باندې د Form 21 او Form 20 غوښتل
چې تاسو دا ورکړئ دې خلقو ته، د هغې په خلاف چې زه هغلته لاړم نو هغوی
زما خلاف ايف آئی آر کټ کړو چې هغوی هغه فارم هغوی له نه ورکولو، بل
طرف ته د پولنګ سټيشن دومره بې ضابطګيانې وې چې پولنګ سټيشن لسټونه
به په څلورم دسمبر باندې پبلک کيدل وو او دوئ زما په ضلع کښې په 13
دسمبر باندې Publish کړل ځکه چې څوک وخت ملاؤ نشی چې عدالت ته لاړ
شی، د شپې شپې زمونږ خپل پولنګ سټيشنې زما اته اته کلوميټره مخکښې
يوړې بيا مونږ عدالت ته رجوع کړې وه او واپس مو په عدالت باندې راوړې
دی، بيا د دې سره سره ډيوټئ د شپې شپې زنانۀ ته بدلولې رابدلولې، دغه
ډيوټئی بدلول، نن به ئې ورکول سبا به ئې ترې بيا اغستل، بيا به ئې ورکول، په
آخری ورځ باندې ورته هم ډيوټئی بدلې کړې، دومره د شرم خبره وه چې زمونږه
امين ګنډاپور صاحب په جلسو کښې وئيلی دی چې که چا زما ورور له ووټ
ورنکړو نو زه به ئې په دفترو باندې بند کړم، هغه به دفتر ته زما نه راځی، نو
چې تاسو داسې دهمکئ ورکولې نو بيا د دې اليکشن اعلان چې اوشو، د دې د
پاره خو به مو بيا د دې اعلان د پاره تاسو دوباره بل به مو څه کړی وے ځکه چې
تاسو خپل کسان راوستل، زه وايم چې په دې ملک کښې د دغې اوړو، د دغې
غريب سړی، د دغه پيټرول، دغه کومه ګرانی چې تاسو پسې وی، نو زما يقين
دے ځکه خو ستاسو ممبران ستاسو ټکټ اغستو ته نه وو تيار، خو بيا هم تاسو
دومره کوشش کولو چې هغه خپل کسان خامخا راولئی، هغه رااوباسئی په هر

طریقه باندې، دا ټول څیزونه په ریکارډ باندې موجود دی، دا به تاسو ته ستاسو په راتلونکی الیکشن کښې، په جنرل الیکشن کښې هم ریزلټ درکوی، خو زه آخره کښې چې څنګه خلقو الیکشن ګټلے دے او د دوئ نه، اوس تاسو داسې منصوبه لرئ چې رولز جوړوئ چې د هغوی نه اختیارات اخلئ، نو زما یقین دے د الیکشن په ورځ چې کوم شرمناک حرکتونه حکومت کړی وو، د هغې نه د هغه بل د راتلونکی وخت د پاره نور هم زیات د شرم مقام دے، باید چې دغه رولز جوړ نکړئ، دغه د اے سی د لاندې دغه خلق رانشی، دغې خلقو ته دغه اقتدار منتقلی او دغه تبدیلی سرکار نعره چې تاسو لګوله، دغه تبدیلی سرکار نعره کښې خیر دے که نور څه مو اونکړل، د خلقو نه مو رزق واغستو، خلقو نه مو روزګار واغستو، یو کروړ نوکرئ مو ورنکړې، چرته لاړې؟ پنځوس لکه کورونه چرته لاړل؟ تاسو چې دے روزګارونه چې ورکول، هغه چرته لاړل؟ چې هغې کښې ناکامه شوئ نو کم از کم، کم از کم دا د شرم کار ځان پورې په دنیا کښې، نړئ کښې مه تړئ چې د پی ټی آئی حکمرانانو چې هغه مرکز کښې دی او که هغه صوبه کښې دی، چې هغوی د منتخب ممبرانو نه اختیارات منتقل کړل او هغه ئې بیوروکریسی او اسټیبلشمنټ ته ورکړل، د دې یو داغ نه خو ځان اوساتئ د خدائے د پاره کم از کم چې آخره کښې د رباندې دا نه وی، ګنې زما یقین دے زما د موجوده حکومت په شرم هیڅ کار نشته، زه سل په سل یقین لرم چې دا به اوکړئ، د دې نه تاسو سر نه اړوئ ځکه که تاسو کښې لږ شرم هم وے، لږه پښتو هم وے، لږ د دې د پاره چې تاسو باندې خلقو د ټماټرو وارونه نه کولے او د هغې نه مو ځان ساتلې، ستاسو په هغې هم څه کار نشته، ستاسو خلاف چې کومې خلقو نعرې اووهلې، چې کومه خبره مخکښې راغلله، تاسو اولیدله، لهذا تاسو ته خواست دے چې دغه دا کوم سوچ چې اوس تاسوراوړے دے، کوم تاسو رولز جوړوئ، کم از کم د دغې رولز نه ځان اوساتئ او دغې ته چې آخری چې بیا واپس خپلو کورونو ته نشئ تللې او یو آخره کښې دا خبره کوم سپیکر صاحب، که نن مونږ په دې سیټ ولاړ یو، سبا به په دې سیټ باندې تاسو یئی، تاسو دومره داغونه، دومره تکلیف د دې صوبائی ممبرانو ته یا سیاسی مخالفین ورکرانو ته

څومره تکليف ورکړو نو دا تکليف به تاسو سبا اووينئ۔ زه دا وايم چې د پښتنو يو
متل دے وائي دومره ظلم اوکړه، دومره زور اوکړه،دومره زور چې سبا د هغې
دغه زغملے شې، زه به آخره کښې Wind-up کوم په دې يو شعر باندې چې:

ے زما ترلی لاس او ستا درنې درنې سپيړې
يو ورځ به ئې په حساب کښې راولم جانانه

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپيکر صاحب، ډيره مننه۔ میں تو پہلے اپنی Sister کا ممنون ہوں، مشکور ہوں کہ انہوں نے ایک اچھا Topic اسمبلی میں پیش کیا تھا اور آپ نے ان کو بات کرنے کی اجازت دے دی، Actually اگر ہم اس ہسٹری کو ذرا دیکھ لیں تو اس سے پہلے جو ایکٹ تھا، وہ 2012 میں تھا جو کہ اس سے Previous government عوامی نیشنل پارٹی اور پیپلز پارٹی کی اتحادی حکومت نے نافذ کیا تھا، جب گزشتہ پی ٹی آئی کی حکومت آ گئی تو انہوں نے اس کو Repeal کر کے لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2013 نافذ کیا اور پھر 2015 میں اس کے تحت الیکشنز کرائے گئے، الیکشنز ہوئے اور ان کا جب Tenure چار سال 28 اگست 2019 کو پورا ہوا تو پھر یہ موجودہ حکومت الیکشن میں Interested نہیں تھی اور Delay tactics استعمال کر رہی تھی، کیونکہ Section 129 of the Election Act, 2017 کے مطابق جب بلدیاتی حکومت کا Tenure ختم ہو جائے تو ایک سو بیس دن کے اندر صوبائی حکومت کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ الیکشن کر لے اور وہ الیکشن کمیشن سے رجوع کر لے، لیکن حکومت Delay tactics کر رہی تھی اور آخر 2019 میں 2013 کے ایکٹ میں بے تحاشہ ترامیم جو کہ ان میں زیادہ تر Irrelevant تھیں، غیر متعلقہ تھیں اور ان میں لا کر 2019 میں بہت سی، ان کے خلاف جس میں ایک بہت اہم جو ترمیم لائی گئی تھی، وہ ہے To delete district government and district council، انہوں نے اس ترامیم میں 2019 کی ترمیم میں جو سب سے بڑی غلطی کی ہے یا مطلب ہے انہوں نے ایک اچھے Tier کو اس سے Delete کر کے وہ District Governments and District Councils تھیں اور ساتھ مطلب ہے جو Party basis اور Non-party basis elections پر اپوزیشن نے اس کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا اور ہائی کورٹ نے Party, non-party basis point پر آرڈر دے دیا کہ نہیں یہ Party basis پر

ہونے چاہئیں کیونکہ Article 140A کے مطابق Political, administrative and financial devolvement ایک Mandatory provision ہے اور باقی جتنے پوائنٹس تھے اس پر ابھی تک وہ Detailed judgment نہیں آئی، سپریم کورٹ میں گورنمنٹ چلی گئی، سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کا Order maintain رکھا ہے، Uphold رکھ کر اور یہ الیکشنز ہو گئے جناب عالیٰ، ابھی بات یہ ہے کہ حکومت ذہنی طور پر تیار نہیں تھی اور حکومت Confuse تھی، انہوں نے پہلے سے تیاری نہیں کی تھی، وہ اس پوزیشن میں نہیں تھی جب یہ اعلیٰ افسران مطلب ہے انہوں نے شیڈول نافذ کیا اور پھر یہ ہائی کورٹ کا فیصلہ آگیا تو پھر Mismanagement کی وجہ سے اچھی طرح شفاف الیکشنز نہ ہو سکے، ان علاقوں میں، کیونکہ میں اپنے علاقے کے بارے میں تحصیل بڈھ بیر کے بارے میں عرض کروں گا کہ Even وہاں پر ایسی پولنگ سٹیشنز تھیں کہ وہاں پر سٹاف نہیں تھا، جب ہم نے RO سے رابطہ کیا تو RO نے کہا کہ آپ اپنی طرف سے کوئی پرائیویٹ ٹیچرز Hire کر کے ان کو لگادیں، تو یہ کس طرح ہو سکتا ہے؟ تو اس لحاظ سے حکومت کی بھی بہت اس میں خامیاں ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ آپ کی حکومت Confusion کو دیکھیں کہ جب ہائی کورٹ نے فیصلہ کیا تو پی ٹی آئی نے Lower جو Tier ہے Village اور Neighborhood پر کسی کو اپنے ورکرز کو ٹکٹ نہیں دیا اور جو چیئرمین کی سطح پر انہوں نے ٹکٹ دیئے تھے تو ان میں بھی بہت سے لوگوں نے، جو ہم اخبار میں پڑھتے ہیں، پرسوں ہم اخبار میں پڑھتے ہیں کہ یہاں پشاور میئر کے لئے رضوان بنگش کو آپ لے آئے اور اس میں کس نے کتنے پیسے لئے ہیں، سات کروڑ کس نے لیے ہیں، ایک ایک کروڑ روپے کس نے لئے ہیں؟ تو یہ مطلب ہے پھر لوگ کہتے ہیں کہ انکوائری ہونی چاہیئے، تو انکوائری کون کرے گا؟ آخر یہ چیز اگر ہم اس وقت اس کو Thrash out نہ کرلیں، کیونکہ آپ کے عمران نیازی صاحب کا یہ ہے کہ ہم کرپشن کو ختم کریں گے، اس کرپشن کو، مطلب ہے اس پاکستان کو کرپشن سے پاک پاکستان بنائیں گے، تو پھر مجھے آپ بتادیں سر، کہ یہ سات کروڑ کے جو یہاں یہ الزامات لگائے گئے ہیں، یہ میرے پاس ہے اخبار، تو اس کے خلاف کیا، مطلب ہے اس میں پورا لکھا ہے کہ گورنر صاحب نے پانچ کروڑ روپے کے عوض ٹکٹ بیچا ہے اور ایک ایک کروڑ، وزیر کا نام نہیں لیا گیا ہے، لیکن اس وزیر کو ہم بھی جانتے ہیں کہ کس وزیر نے ان کو لایا ہے، کس وزیر کے ذریعے اس میں Dealing ہو گئی ہے؟ عوام اس سے باخبر ہیں، تو کیا حکومت نے ابھی تک اس میں کچھ پیشرفت کی ہے؟

اور پھر ہمارے گورنر صاحب یہ کہہ رہے ہیں کہ ہونی چاہئیں تحقیقات، توکس طرح تحقیقات ہونی چاہئیں؟ اگر آپ میں غیرت ہے تو آپ استعفیٰ دے کر پھر مطلب ہے آپ تحقیقات کے لئے حکم کر دیں۔ جب آپ کرسی پر بیٹھے ہیں تو آپ کے نیچے کس طرح تحقیقات ہوں گی؟ تو سر، یہ بہت ضروری باتیں ہوتی ہیں کہ جب اس ملک میں آپ کرپشن ختم کرنے کے دعوے کر رہے ہیں، اس کے لئے آپ کوشش کر رہے ہیں اور پھر جو عمران نیازی صاحب کے ساتھ جس کے گروپ میں آپ لوگ ہیں، وہ کرپشن میں ملوث ہیں تو پھر اس سے کرپشن کس طرح ختم ہو گی؟ تو سر، یہ الیکشن جو ہوا ہے، ٹھیک ہوا ہے لیکن شفاف طریقے سے نہیں ہوا ہے، حکومت اس میں Interested نہیں تھی، یہی وجہ ہے کہ اس میں دھاندلی ہوئی ہے، لہذا میرا یہ مطالبہ ہے کہ یہ جو الزام لگایا گیا ہے، اگر یہ حقیقت پر مبنی ہے تو اس کو استعفیٰ دے کر انکوائری کرنی چاہیئے، نہیں تو گورنر صاحب کو چاہیئے کہ پھر ایسے مسئلے پہ الزامات کے خلاف وہ خود کوئی فیصلہ کر لیں، کیونکہ اس پر الزام لگانے سے نہ صرف ان کے بلکہ ہمارے حلقے کے لوگ بھی مایوس ہو چکے ہیں کہ ہمارے گورنر صاحب کا یہ کردار رہ گیا ہے کہ وہ اب ٹکٹیں بیچ رہے ہیں، اتنے کمزور ہو گئے، تو سر، اس پر یہ میرا، آخر میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں تحقیق ہونی چاہیئے، تھینک یو، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: ډیره مننه سپیکر صاحب، ظاهره خبره ده چې د بلدیاتی الیکشن حوالې سره ډیر یو مهم Topic دے، زه خو اول چې ځومره هم په بلدیاتو کښې د دې Seventeen districts که هغه میئرز دی، که هغه د تحصیل ناظمان دی او که هغه په خکته لیول د ویلج او د نیبر هوډ ځومره هم چا برے موندے دے، زه هغوی ټولو ته د زړه د کومې نه مبارکی ورکوم او ظاهره خبره ده چې کله جمهوری ملکونه وی او په هغې کښې د الیکشن پراسیس چې کوم وی نو که مونږ د قومی اسمبلئ نه پس صوبائی اسمبلی د او د صوبائی اسمبلئ نه پس بیا ډسټرکټ کښې چې کوم الیکشنې کیږی د بلدیاتو، دا ډیر زیات مهم وی، چې کله عوامی خلق وی او د عوامو په مسائلو باندې پوهه دی نو دا الیکشنې په Grassroots باندې اختیارات خکته منتقل کولو د پاره ډیر زیات ضروری دی۔ سپیکر صاحب، دې حوالې سره چې کومه خبره ده، د بد قسمتئ خبره ده، هغه

چې کله هم الیکشن کیږی په دې ملک کښې او کله هم د پختونخوا حوالې سره خبره کیږی نو خلق په الیکشن کښې تیارے کوی د خپل الیکشن، چې کوم زمونږه امیدوارن وی هغوی خپل Campaign کوی، زمونږه چې کوم حکومتونه دی، هغوی خپل کار کوی خو د بده مرغه عوامی نیشنل ګوند یو داسې بد قسمتی به زه اووایم چې هغوی په دې داسې حالاتو کښې هم تاسو اوګورئ چې په هغې کښې زمونږه چې کوم د پارټۍ ورکران وی، د پارټۍ مشران وی نو هغه ټارګټ شوی دی او زه په سختو ټکو کښې غندنه کوم زمونږ د ډیرو چې کوم صدر وو، عمر خطاب شیرانی چې هغه زمونږه د ډی آئی خان صدر هم وو، او هغه د دغه تحصیل چې کوم دے د دغه ډیرو هغه د میئر د پاره امیدوار هم وو، ډیره د بد قسمتئ خبره ده چې یو انسان چې هغه الیکشن پراسیس کښې حصه اخلی او هغه په دې جمهوریت او په دې جمهوری الیکشن کښې خپله برخه اغستې ده او د هغه هیڅ قسمه داسې ګناه خطا نه وی او هغه د کور مخې ته په کومه طریقه باندې، نو اول خو زه په سختو ټکو کښې او بیا ورسره د باجوړ چې کومه حادثه شوې ده، په هغې کښې تاسو اوګورئ چې زمونږه هغه ځوانان چې دی هغه په خودکش کښې هغوی شهید شول، زخمیان شول، نو زه خو د حکومت نه دا پښتنه کوم چې دوئ وائی چې دا الیکشن ډیر پرامن طریقې سره شوے دے نو دا څنګه پرامن دے چې په دیکښې ځوانان شهیدان شول؟ په دیکښې د پارټو ذمه وار خلق چې دی هغه ټارګټ شو، په دیکښې تاسو اوګورئ چې په بنکته لیول باندې کومې مسئلې او کوم ایشوز راغلی دی نو د حکومت ذمه واری دا وه چې پکار دا ده چې دوئ ته دا معلومه وی چې دا کور په کور الیکشن وو، دا چم په چم الیکشن وو او په دیکښې خاندانونه چې دی هغه یو تر بله، یو بل ته مقابلو کښې ولاړ وو، نو د حکومت Responsibility دا وه چې هغوی د سیکیورټی حوالې سره، Overall د دې الیکشن حوالې سره چې کوم د حکومت، د یو جمهوری حکومت، د یو Sitting حکومت کومه Responsibility وه، پکار ده چې هغه پورا کړې شوې وے۔ په دیکښې زمونږه حکومت بالکل ناکامه دے، زمونږه حکومت څومره هم چې الیکشن شوے دے په هغې کښې چې څومره مسئلې راغلی دی، د هغې

ذمه وار زمونږه د صوبې حکومت دے ځکه چې د صوبې حکومت د دغه مسئلو طرف ته پام لرنه نه وه، د هغوی پام لرنه دې ته وه چې الیکشن به څنګه ګټو، سرکاری خلق به څنګه Pressurize کوؤ، د دې سره سره به خلق چې دی فنډونه تاسو اوګورئ چې بار بار سیاسی ګوندونه څومره چې په اپوزیشن کښې ناست دی، بار بار دا الیکشن کمیشن ته هم وئیلې شوی دی چې د فنډونو کوم بې دریغه استعمال وو، کوم طریقې سره خلق چې دی هغه Blackmailing روان وو، د هغې باوجود هم تاسو اوګورئ ځکه چې خلق په دې خبره پوهه وو، تاسو اوګورئ چې دا کوم ریزلټ راغلے دے نو د دې نه تاسو دا سبق واخلئ چې عوامی خلق چې دی هغه اوس په دې پوهه دی، زمونږ عوام چې کوم دے هغوی ته اوس دا پته اولګیده چې یو داسې حکومت چې د تیرو نهه کالو نه په دې صوبه مسلط دے او د روزانه په بنیاد غریب خلق چې کوم دی هغوی خو دومره زیات مجبوره دی چې تاسو اوګورئ چې د دوه وختو روټئ د خپلو بچو ته نشی ورکولے، د ګرانئ چې مونږ به خبره کوله چې ډیر زیاته ګرانی ده، د دې مخ نیوے پکار دے نو مونږ ته به د حکومت واکمنو خلقو وئیل چې ګرانی خو نشته، په ټوله دنیا کښې ګرانی ده، وزیر اعظم صاحب به دا خبره کوله چې زمونږ ملک چې دے دا په دنیا کښې د ټولو نه ارزان ترین ملک دے، اوس دا دیخوا دلته چې زمونږ د صوبې منسټرانو خبرې مونږ واؤریدلې نو هغوی وئیل چې ګرانی وه، نو دا خو د حکومت د پارټۍ خپل پالیسی خپل منشور وی چې کله یو پارټۍ الیکشن ته ځی نو هغه خپل منشور مخې ته راؤړی چې زه کله الیکشن اوګټم نو زما به پالیسی څه وی، زما به د عوامو د ریلیف د پاره څه منصوبې وی؟ نو پکار دا ده چې په دې توجه ورکړے شوې وے خو تاسو اوګورئ چې مونږ بار بار دلته دا خبره کوله چې کوم ایکټ دوئ راؤړو، کوم بل چې مخې ته راغلو په هغې کښې دوئ دا ایکټ چې پاس کړو نو په هغه وخت هم مونږ دا خبره کړې وه چې تاسو District tier ختموئ، دلته ګورې جی دا ډیره زیاته ضروری ده چې په قومی اسمبلئ کښې تاسو اوګورئ چې وزیر اعظم وی، په صوبائی اسمبلئ کښې بیا تاسو اوګورئ چیف ایګزیکټیو وزیر اعلیٰ وی، اوس تاسو په ډسټرکټ کښې

څوک دے ؟ د District tier ختمول مطلب دا دے چې تاسو د بیوروکریسی ایکټ دے ځکه چې بیوروکریټس دا نه غواړی چې دا عوامی خلق دې راشی او دوئ د عوامی مسئلې حل کړی، نو دا بل چې کوم مخې ته راغلو او دا ایکټ چې دے دا سرکاری خلقو جوړ کړے وو او حکومت مخې ته راؤړو او بیا پخپله په دې خبره باندې دوئ پښیمانه وو ځکه چې په ډسټرکټ کښې تاسو اوګورئ چې تا اختیارات د ډسټرکټ نه واغستل نو د ډسټرکټ هلته ډی سی او ډپټی کمشنر چې ناست دے ، دا به څنګه کیږی چې یو تحصیل ناظم چې دے هغه به د هغه دغه وی او ډی سی به دا وائی چې زه Subordinate دا خو Possible نه ده، خو دا قصداً عمداً زمونږه بیوروکریسی چې کوم دا ایکټ پاس کړو، د دې مقصد دا وو چې کوم دلته په پارلیمان کښې خلق ناست دی یا په اسمبلو کښې خلق ناست دی یا عوامی خلق دی چې د چا د روزانه په بنیاد د خپلو خلقو سره رابطه ده، چې دا خلق چې دی دا ختم شی، بیا په تحصیلونو کښې تاسو اوګورئ، په ویلج کونسلو کښې تاسو اوګورئ، Overall جی په دې زمونږه ډیر زیات تحفظات وو چې Non-party basis دیکښې جی تاسو پخپله هم اوس اوګورئ چې تاسو وئیل په غیر جماعتی، اوس یو سیاسی یو جمهوری ملک کښې دا څنګه کیدې شی، دا څنګه کیدې شی چې ته به دا ښکته خلق لکه بره به ته سیاسی بنیاد باندې الیکشن کوې، ته به ښکته خلقو ته وائې چې ته د پارټئ په نخښنه باندې الیکشن نه شې کولے او هغه کسان چې بیا پاس شی هغه به Further بیا دغه تحصیل ته ځی او هغه به بیا سیاسی وی، اوس دا ټول Confusion وو، دا ټول کوم چې ایکټ وو دا ایکټ د جمهوریت خلاف، د عوامو خلاف، د عوامی خلقو خلاف دا جوړ شوے وو، نو په دیکښې تاسو اوګورئ چې په Non-party basis باندې بیا څه مسئلې راغلې، یو نخښنه ده، زما نخښنه لالټین ده نو زه به یو کس ته ورکوم تاسو داسې کولې شئ چې په صوبې یو حلقه کښې تاسو درې کسان په بیټ اودرولې شئ، دا څنګه Possible ده؟ دغه شان په دې باندې مونږه بیا عدالتونو ته لاړو، مونږ ستاینه کوؤ چې هغه خبره هغوی اومنله او هغه الیکشن اوشو خو د دې باوجود زه دا خبره کوم چې دا کوم حالات روان دی په الیکشن کښې، چې زه تاسو د

الیکشن Day خبره کوم، ظاهره خبره ده چې مونږ ګرځیدلي یو د الیکشن په ورځ، چې کوم څومره هم دا پولنګ سټیشنې وې، په هغې کښې د ښځو پولنګ سټیشن زه تاسو ته وایم چې چرته کښې د سړو پولنګ سټیشن وو، په هغه پولنګ سټیشن کښې د ښځو پولنګ سټیشن، اوس زمونږه د پښتنو په معاشره کښې چې چرته سړے ځی او الیکشن کښې ووټ اچوی او ته په هغه ځائې کښې ښځو له هم وائې چې په دې ځائې کښې به ووټ، نو د ټولو نه اولنئ خبره خو دا وه چې دا ډیر زیات زیاتے وو د زنانؤ سره چې زیاتے، زنانه چې دی هغوی خو ووټ هم وانچولو ځکه چې هغوی اوکتل چې دومره ډیر سړی دی، په دیکښې به مونږ څنګه ځو؟ دویمه خبره دا ده چې هغه بوتھ چې کوم دی دومره تعداد د هغې کم وو او بیا چې کوم په کمرو کښې زمونږه زنانه ناستې وې نو هغه دومره کم تعداد وو چې هغه ډیر زیات Slow process وو، ما په هغې بار بار خبره هم اوکړه چې ستاسو دا پراسیس دومره Slow دے، دا کوم خلق چې په لائنونو کښې ولاړ دی، ټائم ختم شو خلقو خپل ووټ هغسې وانچولو، نو دا د الیکشن کمیشن د طرف نه هم ډیر زیاتې مسئلې راغلې وې، مونږ Written کښې هم ورکړی دی۔ بیا چې کومې خلاف ورزیانې کیدې، د هغې خلاف هم مونږ خبره کړې ده، مونږ Written ورکړی دی، پکار دا ده چې راتلونکی الیکشن کښې نور چې څومره بلدیات الیکشن پاتې دے، په هغې کښې پکار ده چې حکومت هم خپله سنجیدګی اوښائی، په هغې کښې پکار ده چې الیکشن کمیشن هم ډیر زیات ټھیک ټھاک تیاری اوکړی ځکه چې د الیکشن کمیشن تیاری نه وی او د هغې چې کوم طریقه کار وو په هغې هم ډیر زیات خبرې پورته شوې دی، نو Overall چې کوم الیکشن شوے دے، زه په دیکښې ظاهره خبره ده چې څومره هم سیاسی جماعتونو حصه اغستې ده، زه ټولو ته مبارکی ورکوم او کوشش دا پکار دے چې دا پراسیس، جمهوری پراسیس چې دے د داسې روان وی۔

Mr. Deputy Speaker: Okay.

محترمہ شگفتہ ملک: ستاسو د ټولو ډیره مننه۔

جناب سردار خان: جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، Lapsed۔ کبنیئنئی جی، تاسو، لا ټائم شته پوائنټ آف آرډر باندې۔ جی مسٹر حافظ عصام الدین صاحب۔

حافظ عصام الدین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، شکر گزار ہوں کہ لوکل گورنمنٹ کے حوالے سے جو بحث ہے اس میں موقع دیا۔ جناب سپیکر، سب سے پہلے تو میں خیبر پختونخوا کی عوام کو مبارکباد دیتا ہوں کہ لوکل گورنمنٹ کا جو پہلا مرحلہ تھا الیکشن کا، انہوں نے اپنے ضمیر کے مطابق ووٹ استعمال کیا اور یہ بھی اس دفعہ قوم کی خوش قسمتی ہے کہ ووٹ اپنی جگہ تک بھی پہنچا ہے اور جیسے 2018 میں جس مخلوق کی مدد سے عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا تھا، آج جب اس مخلوق نے ساتھ چھوڑا تو الحمدللہ عوامی مینڈیٹ بھی ظاہر ہوا اور اس کا نتیجہ قوم کے سامنے ہے، اس پر میں قوم کو مبارکباد دیتا ہوں، یقیناً جو ابھی پہلے مرحلے میں الیکشنز ہوئے، اس میں کمی بیشیاں ہوئی ہیں، جیسے یہاں ایک دوست نے بات کی ہے کہ مذہب کے نام پر ووٹ ڈالا گیا، مذہب کے نام پر ووٹ مانگا گیا، لوگوں سے حلف لیا گیا مساجد میں، تو میں کہوں گا کہ یہ تو ہمیں آئین سکھاتا ہے، میں تو عوام کو کہوں گا کہ جو امیدوار آپ کے سامنے آتے ہیں عوام ان سے حلف لیں کہ آپ آئین کی خلاف ورزی نہیں کریں گے، آئین کی بنیادی شقیں اسلام کے متقاضی ہیں، وہ اس ملک میں اسلامی ماحول کو مہیا کرنے کے متقاضی ہیں کہ عوام کو اسلامی ماحول دیا جائے، شعائر اسلام کا احترام ہو تو یہ تو ہم عوام کو ترغیب دیتے ہیں کہ وہ ان نمائندوں سے حلف لیں، مساجد میں ان کو لے جا کر وہاں سے ان سے حلف لیں کہ اسمبلیوں میں جا کر اسلام کے مخالف کسی بل اور کسی ترمیم کی حمایت نہیں کریں گے، یہ تو اور بھی خوش قسمتی کی بات ہے کہ نمائندے عوام سے کہیں گے کہ اسلام کے حق میں ووٹ استعمال کرو، کتاب کے حق میں ووٹ استعمال کرو، یہ تو خوش قسمتی کی بات ہے، کیا عمران خان نے گزشتہ دور میں ریاست مدینہ کے نام پر قوم سے ووٹ نہیں مانگا اور وہ ریاست مدینہ کدھر ہے؟ وہ ریاست مدینہ کے قانون کے مطابق ریاست مدینہ کے منشور کے مطابق وہ دستور جو ہمیں ہمارے پیارے نبی ﷺ نے ریاست مدینہ کے بناتے وقت دیا تھا، اس ریاست مدینہ کے منشور کے مطابق مجھے بتایا جائے، میں چیلنج کرتا ہوں اس فلور پر کتنی قانون سازی تم نے اس اسمبلی میں نو سال گزار کر کی ہے؟ تم نے اس قوم کو وہ ماحول دینے کے لئے کتنی قانون سازی کی ہے؟ کیا ریاست مدینہ کا یہ منشور تھا، یہ دستور

تھا کہ تمہارے عوام خودکشی پر آئے، تمہارے عوام اپنے بچوں کا پیٹ بھرنے کی خاطر روڈوں پر سرعام ان کی بولی لگائے؟ ریاست مدینہ کا منشور تو ہمیں یہ سکھاتا ہے، حضرت عمرؓ کا فرمان ہے کہ اگر فرات کے کنارے کوئی اونٹ یا کتا بھوک سے مرتا ہے تو اے عمرؓ اپنے آپ کو مخاطب کرتا ہے کہ اے عمرؓ تجھ سے اس کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ ہم نے تو ان دس سال میں پانچ سالوں میں کیا دیکھا کہ ہمارے عوام بھوک پیاس سے مر رہے ہیں، خودکشی پر اتر آئے ہیں، اپنے بچوں کو، اپنا پیٹ بھرنے کی خاطر سرعام روڈوں پر ان کی بولی لگاتے ہیں، لہذا میں یہی کہوں گا کہ صرف دعوے ہی نہ ہوں، ان دعوؤں پر عمل بھی ہو، یہی اس موجودہ حکومت کی ناکامی تھی کہ خواہ جعلی مینڈیٹ تھا، جعلی مینڈیٹ تھا یا حقیقی یا حقیقی مینڈیٹ تھا؟ بہرحال آپ کے پاس مرکز میں پانچ سال اور KP میں دس سال موقع تھا لیکن آپ نے عوام کی یا اسلام کی ریاست مدینہ کے منشور کے مطابق کتنا کام کیا؟ یہ ہم آپ سے نہیں پوچھتے، یہ آپ خود سے پوچھو، آپ جواب خود کو دو، ہمیں دینے کی ضرورت نہیں کیونکہ ہم اپنی آنکھوں سے یہ سارا ماجرا دیکھ چکے ہیں اور اس کا تجربہ کر چکے ہیں، باقی بات اگر ہم دیکھتے ہیں، یہاں بڑے بڑے منسٹرز، وفاقی منسٹرز کتنا غیر ذمہ دارانہ لہجہ استعمال کرتے ہیں، کتنا غیر ذمہ دارانہ جس کا جمہوری ملکوں میں کوئی عام بندہ تصور نہیں کر سکتا ہے کہ وفاقی منسٹر وہ کہتا ہے کہ اگر میرے بھائی کے خلاف ووٹ استعمال کیا گیا تو میرا بھائی بھی منسٹر بلدیات ہے، تو ایسے بندوں کو میں اپنے دفتر میں آنے نہیں دوں گا، یہ میں آپ سے پوچھتا ہوں، یہ بھی ہمیں جواب نہ دو، یہ خود کو جواب دو، یہ جمہوری لہجہ ہے، یہ عوام کی محفلوں میں ووٹ مانگنے کیلئے ایسا لہجہ استعمال کیا جا سکتا ہے؟ ہم افسوس ہی کر سکتے ہیں کہ اس ملک نے کیسے لوگوں کو جعلی مینڈیٹ کے ذریعے اس قوم پر مسلط کیا ہے، باقی یہ پہلے مرحلے کے الیکشن ہوئے اور ساتھ ساتھ لوکل باڈیز کے اختیارات کے حوالے سے بات چل رہی ہے، اس کے حوالے سے قوم کے سامنے مختلف باتیں آتی ہیں کہ ان کے اختیارات میں کمی کی جائے گی، تو یہ بھی جمہوری روایات کے مخالف ہیں، یہ بس صرف جو انٹرنیشنل جمہوریت کے علمبردار یا ہم بھی اس راہ راست پر گامزن ہیں کہ جمہوریت کا نعرہ تو لگاتے ہیں لیکن یہ تو ان سارے اصولوں کی خلاف ورزی ہے، ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ پہلے سے بلدیات کے حوالے سے ہماری ساری قانون سازی مکمل ہو چکی ہوتی لیکن یہ حکومت کی نااہلی ہے کہ وہ قانون سازی، وہ ساری شقیں، وہ ساری ترامیم مکمل صورت میں اب نہیں ہیں، لہذا جو بقایا شقیں ہیں، جو ترامیم ہیں وہ ایسی ہوں کہ ان کو مکمل اختیارات دیئے جائیں، یہ خود مختار ہوں، جیسے انٹرنیشنل

جمہوری اصول ہے اسکے مطابق ہو اور جو بقیہ اضلاع ہیں جن میں الیکشنز ہونے باقی ہیں، ابھی ان اضلاع میں جو کمی بیشیاں ہیں، حکومت یہ یقینی بنائے کہ ان اضلاع میں وہ خامیاں نہ ہوں، خصوصاً قبائلی اضلاع میں مثلاً میرا حلقہ جنوبی وزیرستان ہے، وہاں مردم شماری میں قوم کو بہت زیادہ نقصان کا سامنا ہے، جو گزشتہ مردم شماری ہے، اس میں قوم کی جو حقیقی مردم شماری ہے وہ سامنے نہیں ہے، ساتھ ساتھ جو ویلج کونسلز یا نیبرہڈ کونسلز بنائی گئی ہیں، ان میں انتہائی غلط طریقے سے کام لیا گیا ہے، وہ بالکل صحیح نہیں ہے، اس میں انتہائی غلطیاں ہیں، تو وہ غلطیاں بھی کسی طرح اگر اس میں کمی ہو سکتی ہے تو وہ غلطیاں بھی دور کی جائیں اور آئندہ کیلئے جو 2022 میں ہمیں کہا جا رہا ہے کہ مردم شماری ہو گی تو اس میں خصوصاً قبائلی اضلاع کی مردم شماری صحیح طریقے سے ہو اور مناسب موقع پر ہو اور ساتھ ساتھ آئندہ دوسرے مرحلے میں جو الیکشن ہے، اس میں یہ بات یقینی ہو کہ یہ صحیح طریقے سے ہو۔ جناب سپیکر، اگر اجازت ہو، ایک اہم بات ہے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نہیں نہیں، ابھی جس موضوع پر بات ہوئی ہے، وہ موضوع پر بات کریں، باقی اور آخر میں بات کریں۔

<u>حافظ عصام الدین:</u> پوائنٹ آف آرڈر پر موقع دے دیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو، تھینک یو۔ شوکت یوسفزئی صاحب، شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور):</u> جناب سپیکر، میرے دوستوں نے بہت اچھی باتیں کیں، ویسے یہ جو الیکشن کے طریقہ کار کے حوالے سے پوچھا گیا تھا کہ حکومت نے کیا تیاریاں کی ہیں؟ اس حوالے سے تھی تحریک التواء لیکن بہرحال اب اس پر بحث ہو گئی ہے اور میرے بھائیوں نے کافی اس پہ Detailed discussion کر لی ہے تو جناب سپیکر، ایک تو میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ میرے بھائی اختیار ولی صاحب تو چلے گئے ہیں، لیکن اگر ہم ان بلدیاتی انتخابات کو بڑے الیکشن کا پیمانہ قرار دیں اور ہم کہیں کہ جی جہاں سے ہم ہار گئے اور پہلے ہمارے ایم پی ایز وغیرہ ہیں اور وہاں سے پی ٹی آئی ہار گئی ہے یا ان کو سیٹ نہیں ملی، تو یہ کہتے ہیں کہ جی یہاں سے تو Wash out ہو گئی اخلاقاً ان کو پھر چھوڑ دینا چاہیئے، تو میں اپنے بھائی کو کہتا ہوں کہ جہاں سے آپ جیت کر آئے تھے ضمنی الیکشن، وہاں ہم بھاری اکثریت سے جیت چکے ہیں، تو کچھ عرصہ پہلے آپ نے یہ کہا تھا اور آج بھی آپ نے اس طرف اشارہ کیا ہے تو پھر تو اگر یہی پیمانہ ہے تو آپ سب یہاں سے شروعات کریں، بِسۡمِ ٱللَّهِ کریں اور یہاں سے استعفیٰ دے کر چلے جائیں

تاکہ پتہ چلے ناں کہ جی آپ کا مینڈیٹ اگر نہیں تھا، اس وقت اگر آپ نے مینڈیٹ لیا اور یہ ساری باتیں آپ کریں تو اس کا مطلب ہے کہ پھر آپ بھی کوئی اخلاقی جواز نہیں رکھتے، لیکن چونکہ بلدیاتی الیکشن ہوتا ہے، بلدیاتی الیکشن کبھی بھی بڑے الیکشن کا پیمانہ نہیں ہوتا، یہ ہمیشہ یہ گلی کوچوں کا الیکشن ہوتا ہے، لوگوں کا ذاتی اثر ورسوخ ہوتا ہے، ان کی اپنی برادری ہوتی ہے، اس پہ زیادہ کاؤنٹ کیا جاتا ہے، ٹھیک ہے کہ ایک پارٹی کا اپنا ووٹ بھی ہوتا ہے لیکن جناب سپیکر، اگر میں یہ بات مان لوں کہ یہ الیکشن Free and fair ہوا ہے تو جناب سپیکر، یہ کریڈٹ تو پھر گورنمنٹ کو دیں، کیونکہ جب 2018 کا الیکشن ہوا تھا اور ابھی نعیمہ کشور صاحبہ نے بھی کہا کہ اس میں دھاندلی ہوئی تھی، اگر وہ دھاندلی ہوئی تھی تو وہ نگران حکومت نے کرایا تھا، ہم نے تو نہیں کرایا تھا وہ الیکشن، یہ الیکشنز ہمارے دور میں ہوئے ہیں اور یہ آپ Appreciate کریں کہ یہ Fair and free elections ہوئے ہیں، اگر آپ کہتے ہیں کہ ان سے ہاتھ اٹھ گیا تھا (تالیاں) تب ہی ہارے ہیں تو جناب سپیکر، اگر ہم سے ہاتھ اٹھ گیا ہے ناں تو تب بھی سب سے زیادہ ووٹ تحریک انصاف نے لیے ہیں بلدیاتی الیکشن میں، ورنہ الیکشن کمیشن کی رپورٹ دیکھ لیں تو سب سے زیادہ اگر ہاتھ اٹھ کر بھی ہم سب سے زیادہ ووٹ لیتے ہیں اور یہ تمام مشکلات کے باوجود، تو جناب سپیکر، 2023 تک ڈیڑھ سال رہتا ہے، آپ اپنی خیر منائیں اور ان پارٹیوں کی خیر منائیں جو میرے بھائی نے اشارہ کیا مسلم لیگ نون کہاں ہے، ہمارا مقابلہ تو ان کے ساتھ تھا، ہمارا تو جے یو آئی کے ساتھ اس لئے مقابلہ نہیں ہے کہ یہ اٹک سے پار جا ہی نہیں سکتی ہے، ہمارا مقابلہ تو پی ایم ایل این کے ساتھ تھا، پیپلز پارٹی کے ساتھ تھا، وہ کہاں ہیں؟ تو جناب سپیکر، یہ دوسرا خوشدل خان صاحب نے، انہیں پتہ ہے کہ گورنر کو یہاں ڈسکس نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ وہ جواب نہیں دے سکتے یہاں پہ، تو جناب سپیکر، اس طرح کے الزامات آپ نے اگر انکوائریاں کرانی ہیں تو سب سے پہلے وہ 35 ملین ڈالر کی انکوائری کرائیں ناں (تالیاں) وہ 35 ملین ڈالر تو سارے پختونوں کے حوالے سے کہا گیا تھا، اس کی انکوائری کیوں نہیں کرائی گئی؟ تو یہ جو ایک سوشل میڈیا کے اوپر آیا اور اس پہ جو ہے ناں آج اتنے اخلاقیات اور سب کچھ ہمیں یاد دلایا جا رہا ہے جناب سپیکر، تو میرا خیال ہے زیادتی ہے، کسی پہ اس طرح ڈائریکٹ الزام نہیں لگانا چاہیئے۔ دوسرا جو میرے بھائی نے کہا ہے ریاست مدینہ، میں حیران ہوں ان کو تکلیف کیا ہوتی ہے اس سے، ریاست مدینہ اگر ہم لا رہے ہیں، ہم قائم کر رہے ہیں یا آپ قائم کر رہے ہیں جو بھی قائم ہو رہا ہے، اگر آپ مخلص ہیں، آپ دیانتدار ہیں تو اس کو

سپورٹ کریں، آپ کیوں ریاست مدینہ کو اپنی تکلیف کی نظر سے دیکھتے ہیں؟ تو مجھے تو اس پہ سخت اعتراض ہے جناب سپیکر، میں ان سے پوچھتا ہوں پانچ سال ان کی حکومت رہی اور ماشاء اللہ ہر دور میں مولانا اس حکومت میں رہے وفاق میں، کونسی قانون سازی کی ہے اسلام کے لئے؟ بتائیں مجھے، وہ حسبہ بل کہاں ہے؟ یہ حسبہ بل ان کو پورے پانچ سال ادھر سے ادھر، ادھر سے فٹ بال بنائے رکھا ہے انہوں نے، پانچ سال میں جب ایک حسبہ بل پاس نہیں کر سکے اور یہ ہمیں بتاتے ہیں کہ جی ریاست مدینہ، ریاست مدینہ اللہ کے فضل سے کوئی ایک دن میں نہیں آیا، اس کے لئے قربانیاں دی ہیں، آج جو اس ملک کے اندر مشکلات ہیں، آپ تو ایک وقت کی روٹی جو ہے وہ بھی آدھی نہیں کر سکتے کسی کے ساتھ، مدینہ کی ریاست جب بن رہی تھی، لوگوں نے پیٹ پہ پتھر باندھے تھے، آج تو آپ سڑکوں پہ نکل رہے ہیں، جب آپ غیرت مند قوم بنیں گے تب، جب آپ قرضے اتاریں گے، جب آپ کسی کی غلامی نہیں کریں گے، جناب سپیکر، مشکلات تو ہوتی ہیں، اگر آپ غلام نہیں بننا چاہتے تو قوم کو مشکلات تو جھیلنا پڑتی ہیں لیکن آپ غیرت مند بھی بننا چاہتے ہیں، آپ مسلمان بھی بننا چاہتے ہیں، ریاست مدینہ بھی قائم کرنا چاہتے ہیں لیکن دو وقت کی جگہ تین دفعہ روٹی کھانے جاتے ہیں، ایسا نہیں ہوتا ہے، مدینے کی ریاست ایک بڑی تاریخ رکھتی ہے تو جناب سپیکر، میں عرض کر رہا ہوں کہ Free and fair elections ہوئے ہیں، یہ کریڈٹ اس حکومت کو جاتا ہے، کوئی مانے یا نہ مانے اور میرے جو دوسرے بھائی نے، اب تو چلے گئے ہیں، بدقسمتی سے اختیار ولی صاحب تقریر کر کے چلے جاتے ہیں، یہ ان کو بڑا شوق ہے کہ جی وہ نواز شریف صاحب جو پاکستان واپس آرہے ہیں، بھائی ہم نے تو دوائی کے لئے بھیجا تھا، ہم تو بار بار کہتے ہیں واپس آؤ، وہ کہتے ہیں کہ میں بیمار ہوں، جہاں یہ مشورے دیتے تھے کہ جی بیمار ہے آپ کو پتہ نہیں ہے۔ (تالیاں) ڈاکٹر کہتا ہے کہ بیمار ہے، لیکن ہر تیسرے دن بعد کسی کیفی میں بیٹھ کر یا تو کافی پی رہا ہوتا یا پھر کسی شاپنگ مال میں اپنے لئے مفلر اور وہ دیکھتا رہا ہوتا ہے، تو جناب سپیکر، یہ جو ہے ناں اس طرح کی اور دوسری بات یہ ہے کہ ایک بات میں آپ کو بتاؤں، یہ جو کہہ رہے ناں کہ وہ لندن سے آرہے ہیں، وہ آنہیں رہے ہیں، ان کو بھگایا جارہا ہے لندن سے، وہ نہیں آئیں گے ناں تو ان کو گرفتار کیا جائے گا، ان کو Deport کیا جائے گا۔ (تالیاں) اور ابھی بھی میں آپ کو کہوں کہ وہ جب آرہے ہیں تو ان کے اوپر الزامات ہیں جناب سپیکر، ان شاء اللہ سیدھا اڈیالہ آئیں گے (مداخلت) آپ نے Fair fair elections کی باتیں ہم کر رہے ہیں،

لیکن سب سے پہلے آپ کے لیڈر کو عدالت میں پیش ہونا ہے،Clean chit لے کر ہی وہ اسمبلی میں آئے گاOtherwise وہ نااہل ہو چکا ہے،اس لئے آپ اپنی فکر کریں جناب سپیکر، میں یہ عرض کروں کہ وہ کہتے ہیں ناں کہ میری اس نے کہا ہے کہ:

ے حیاسے سر جھکالینااداسے مسکرادینا
حسینوں کو بھی کتنا سہل ہے بجلی گرادینا

میرے جو Colleagues ہیں،انہوں نے بھی باتیں کیں اس حوالے سے کہ جی الیکشن میں یہ ہوا ہے الیکشن میں وہ ہوا ہے،آپ کا کیا خیال ہے،اگر الیکشن میں دھاندلی ہوتی، یہ ROs, DROs یہ کون تھے؟ یہ Directly جناب سپیکر،اس کو تو دیکھتے ہیں الیکشن کمیشن، یہ ان کا کام ہوتا ہے،آج جہاں سے یہ جیتتے ہیں الیکشن شفاف، جہاں سے یہ ہارتے ہیں وہ الیکشن میں دھاندلی، یہ چیز اب نہیں چلے گی، مہربانی کریں یہ رونادھوناچھوڑ دیں۔آج ہمارے اللہ کے فضل سے جہاں سے ہم سیٹیں بھی کم لے گئے ہیں، ویسے اس کی بھی انکوائری ہونی چاہیئے کہ ووٹ ہمارے زیادہ ہیں، سیٹیں ان کی زیادہ ہیں، یہ بھی توانکوائری ہونی چاہیئے ناں، توآپ یاتو یہ کہیں جناب سپیکر، کہ یہ Elections free ہیں،Free ہوئے ہیں،Fair ہوئے ہیں یا کہیں کہ دھاندلی ہوئی ہے، یہ دونوں نہیں چل سکتے۔جہاں سے آپ جیتے ہیں وہاں آپ کہتے ہیں وہ "میٹھامیٹھاہپ ہپ اور کڑواکڑواتھو تھو"توایسانہیں ہوسکتا۔آپ نے ہارا ہے تو ہار مانیں،اگر ہم نے جہاں سے ہم ہارے ہیں جناب سپیکر، پہلے دن ہم نے کہا تھا کہ ہم ریزلٹ مانتے ہیں،اس لئے کہ ہم جمہوری لوگ ہیں، ہم جمہوریت چاہتے ہیں اور اس ملک کو آگے لے جانا ہے، یہ نہیں کہ ہم، عمران خان یہ نظام کیوں لیکرآیا ہے؟اس کو توآپ Appreciate کریں۔اگر ہماری حکومت تھی جناب سپیکر،اگر ہماری نیت خراب ہوتی تو ہم ایسی قانون سازی کیوں کرتے جس میں ڈائریکٹ الیکشن تھا؟ ہم یہاں بیٹھ کر خود Manipulate کر کے سارے میئرز اپنے لے آتے لیکن ہم نے توڈائریکٹ الیکشن کیا،کیوں؟عمران خان چاہتا ہے کہ نیچے لیول پہ لوگوں کے مسائل حل ہوں، یہ نظام کامیاب کرنا ہے۔اب مجھے ایسالگ رہا ہے کہ اپوزیشن اپنے دور میں تو کچھ نہیں کر سکی جناب سپیکر، لیکن جو یہ لوکل گورنمنٹ سسٹم آیا ہے،اس کو بھی سبوتاژ کرنا چاہتی ہے ورنہ ان کے اپنے دور میں جو لوگ چیخیں مار رہے ہیں، جو بلاول صاحب کہتے ہیں، یہ کونسانظام لیکرآئے ہیں؟آپ اپنانظام دیکھیں ناں،وہاں تو لوگوں پہ کیا، کسی کی سنی ہی نہیں جارہی ہے وہاں

پہ، جو پانچ سال چار سال گزرے ہیں جوایم کیوایم کا میئر تھا،اس بیچارے کو صفائی کا نظام اس کے ہاتھ میں نہیں تھا، وہ روتا رہا آخر وقت تک کہ جی مجھے کس لئے بنایا گیا ہے ؟ تو جناب سپیکر، ان شاء اللہ تعالیٰ یہ قوم کو باور کرانا چاہتے ہیں کہ اگلے جو آدھے الیکشنز رہتے ہیں، وہ بھی اسی طرح شفاف ہوں گے ان شاء اللہ، اگر ہم سے کوئی غلطیاں ہوئی ہیں اور اس غلطی کا فائدہ جے یو آئی کو پہنچا ہے جناب سپیکر، تو ان شاء اللہ Next election میں یہ غلطیاں نہیں ہوں گی، ہم Comeback کریں گے اور ان شاء اللہ تعالیٰ بھاری اکثریت کے ساتھ کریں گے۔ (تالیاں) یہ لوگ کچھ بھی کر لیں، ان کو تو ایک اور تکلیف یہ ہو رہی ہے کہ جی آئمہ کرام کو یہ کیوں دیا، یہ حکومت کیوں دے رہی ہے ؟ تو جناب سپیکر، ہم پہ کیا کیا الزامات نہیں لگائے انہوں نے، یہ یہودی لابی ہے، یہ فلاں لابی ہے ، آپ پارلیمنٹ کی بات کرتے ہیں، آپ پارلیمنٹ میں بیٹھ کر اس طرح کی باتیں کرتے ہیں، آپ کس طرح یہ فتوے دے رہے ہیں ؟ آپ نے اس الیکشن میں بھی فتوے دیئے ہیں، فتوے دے کر آپ الیکشن جیتنے کی کوشش کرتے ہیں، کیا یہ کرپشن نہیں ہے ؟ آپ Clear کریں، اپنے منصوبے بتائیں، آپ کیا بتانا چاہتے ہیں ؟ بلدیات میں آپ کیا کرنا چاہتے ہیں ؟ آپ اپنی بات کریں لیکن جناب سپیکر، یہ فتوے دینا، اب ختم ہونا چاہیئے یہ سسٹم، اپنی کارکردگی کے اوپر آئیں تو میں یہ عرض کر رہا ہوں جناب سپیکر، کہ آئمہ کرام کو اگر ہم مشاہرہ دیں، اس پہ بھی ان کو تکلیف، ریاست مدینہ کی بات کریں اس پہ بھی ان کو تکلیف، اب تمام مساجد، مدارس اس کو ہم Solarize کر رہے ہیں پورے پاکستان، خیبر پختونخوا کے اندر، اس پہ بھی ان کو تکلیف، تو جناب سپیکر، ہم کیا کریں ؟ تو میں عرض کرتا ہوں جناب سپیکر، کہ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ حکومت Committed ہے اور میں وزیر اعلیٰ محمود خان کو کریڈٹ دیتا ہوں کہ انہوں نے اس انتخابات میں صوبائی حکومت کی مداخلت زیرو پرسنٹ کی ہے، اور اس کے باوجود ہم نے سب سے زیادہ ووٹ لیے ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ بہترین انتظامات کریں گے اور جو دوسرا، سیکنڈ فیز آئے گا الیکشن کا، ان شاء اللہ بھاری اکثریت سے Comeback کریں گے، بہت بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: The sitting is adjourned till 02:00 pm, afternoon, tomorrow.

---

(اجلاس بروز منگل مورخہ 28 دسمبر 2021ء بعد از دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)